QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 247

بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ 27اپریل2026ء۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ کے تحت ترقیاتی منصوبوں کیلئے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کے کام کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 28اپریل (بروز منگل) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv خروٹ آباد، جبل نور، ویسٹرن بائی پاس، دوستین، داریم فیڈرز صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند رہیگی۔اسکے علاوہ 28اپریل اور 30اپریل کو (روزانہ) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv سرکی روڈ، غازی، ہزارہ ٹاون، انڈسٹریل فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند ہوگی۔اسی طرح 29اپریل کو (بروز بدھ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv جی او آر کالونی، سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv سریاب ون، سریاب ٹو، واسا، سمنگلی ایکسپریس، اے ون سٹی، جڑسا فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے نیز 30اپریل کے روز کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے شہباز ٹاون فیڈر صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ زرغون گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی بائی پاس، زرغون ون، زرغون ٹو، صاحبزادہ فیڈرز جبکہ اُسی روز انڈسٹریل گرڈ اسٹیشن کے شموزئی، ایف جی ایس، واسا، شانہواز، سریاب مل، اولڈ اور نیو میاں غنڈی فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہیگی۔

علاوہ ازیں مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں کی ضروری مرمت اور ٹیسٹنگ کے کام کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 28اپریل کو قلعہ عبداللہ گرڈ اسٹیشن کے پاور ٹرانسفارمرز سے منسلک فیڈروں سے صبح 10 بجے تا شام 4 بجے نیز قلات گرڈ اسٹیشن کے 11kv سٹی ون، پیر غائب، پندران فیڈروں سے دن 12 بجے سے شام 5 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔